Urdu

Australian Government

عید الفطر

بائیو سیکیورٹی

فروری 2024

بائیو سیکیورٹی کے متعلق اہم معلومات

سمندر پار سے آنے والی خوراک، پودے اور پودوں کے اجزا اور حیوانی مصنوعات آسٹریلیا میں دنیا کی مضر ترین حیوانی اور نباتاتی آفات اور بیماریاں متعارف کروا سکتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں ہمارا منفرد ماحول اور ہمارے قابل قدر زرعی اور سیاحتی شعبے تباہ ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ سمندر پار سے آسٹریلیا آ رہے ہیں یا اگر سمندر پار سے آپ کے مہمان آنے والے ہیں تو یہ اہم ہے کہ آپ، آپ کے اہلخانہ اور مہمان آسٹریلیا کے بائیو سیکیورٹی کے سخت قوانین سے آگاہ ہوں۔

اگر آپ کو ماہ رمضان میں ڈاک سے عید الفطر کے تحائف آنے والے ہیں تو سمندر پار اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے کہیں کہ وہ یہ چیزیں پوسٹ کرنے سے پہلے چیک کریں کہ آیا یہ مصنوعات آسٹریلیا میں بھیجنے کی اجازت ہے۔ بذریعہ ڈاک بھیجی جانے والی چیزوں پر لگے پوسٹل ڈیکلریشن لیبل پر تمام چیزوں کی درست تفصیل لکھنا ضروری ہے تاکہ بارڈر پر ان چیزوں کے متعلق فیصلہ کیا جا سکے۔

ہم بائیو سیکیورٹی کے لیے خطرناک چیزوں کو آسٹریلیا میں داخل ہونے سے کیسے روکتے ہیں

مسافروں کے سامان اور سکتی پوسٹ سے آنے والی چیزوں کی جانچ پڑتال کر کے ان چیزوں کو شناخت کیا جاتا ہے جو ملک میں مضر حیوانی اور نباتاتی آفات اور بیماریاں لا ہیں۔ اس سلسلے میں بائیو سیکیورٹی آفیسرز مسافروں سے پوچھ گچھ کر سکتے ہیں یا ایکسرے، خطرناک چیزوں کا سراغ لگانے والے کتوں کی مدد سے اور/یا دستی انسپیکشن سے چیزوں کی سکریننگ کر سکتے ہیں۔

وہ مصنوعات جو بائیو سیکیورٹی کے لیے خطرناک ہیں

عید الفطر کے جو تحائف بائیو سیکیورٹی کے لیے خطرناک ہو سکتے ہیں، ان میں یہ شامل ہیں:

- تازہ اور خشک پھل جن میں کھجور، انجیر اور انار شامل ہیں
- دودھ اور دودھ کی مصنوعات جن میں دودھ اور ڈیری کے اجزاء سے بنی گھر کی مٹھائیاں اور میٹھے پکوان بھی شامل ہیں
- بسکٹ، کیک اور بریڈ جنہیں فریج میں رکھنا ضروری ہو یا جن میں گوشت کی مصنوعات ہوں
- نٹس (گریاں)
- چائے اور جڑی بوٹیاں
- اناج اور پھلیوں سے نکلنے والے دانے جن میں چاول، گندم، دالیں، چنے اور بینز (پھلیاں) شامل ہیں
- آب زمزم
- نیم
- تازہ، خشک یا پکا ہوا گوشت
- خام تمباکو

آسٹریلیا کو مضر حیوانی اور نباتاتی آفات اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں مدد دیں

- عید الفطر کے تحائف آسٹریلیا میں خریدیں۔
- آسٹریلیا میں مصنوعات لانے یا بذریعہ ڈاک بھیجنے سے پہلے یہاں چیک کریں کہ آیا آسٹریلیا میں ان مصنوعات کے داخلے کی اجازت ہے: agriculture.gov.au/mailing-bringing-goods.
- سمندر پار اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے چیک کرنے کو کہیں کہ وہ جو تحائف لانے یا بذریعہ ڈاک بھیجنے کا ارادہ رکھتے ہیں، آیا ان کے آسٹریلیا میں داخلے کی اجازت ہے۔

آسٹریلیا کا سفر

جب آپ آسٹریلیا آنے کے لیے سفر کر رہے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ:

- اپنے Incoming Passenger Card (ملک میں آنے والے مسافروں کا ڈیکلریشن کارڈ) پر سچائی سے ڈیکلیئر کریں کہ آیا آپ خوراک، پودے اور پودوں کے اجزا یا حیوانی مصنوعات لا رہے ہیں۔ غلط یا گمراہ کن معلومات دینا ایک سنگین جرم ہے۔ چیزیں ڈیکلیئر کرنے سے قاصر رہنے پر سخت سزائیں ہو سکتی ہیں۔
- آپ کے پاس جو بھی خوراک، پودے یا پودوں کے اجزا یا حیوانی مصنوعات ہوں، ان کے لیے "Yes" پر نشان لگائیں۔

اگر آپ فیصلہ نہ کر سکتے ہوں کہ آپ کو کیا کرنا چاہیے تو بھی ملک میں آنے والے مسافروں کے ڈیکلریشن کارڈ پر "Yes" پر نشان لگائیں اور بائیو سیکیورٹی آفسر سے بات کریں۔

جو مصنوعات اور تحائف ڈیکلیئر کرنا ضروری ہوتا ہے، آپ کو پیکنگ کے وقت انہیں اپنے سامان میں سب سے اوپر رکھنا چاہیے تاکہ یہ بائیو سیکیورٹی آفیسر کے انسپیکشن کے لیے تیار رکھی ہوں۔

ڈیکلیئر کی جانے والی چیزوں کی (آپ کے خرچ پر) ٹریٹمنٹ یا انہیں ملک سے باہر بھیجنا یا تلف کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔ جو چیزیں بائیو سیکیورٹی کے لیے خطرناک نہ ہوں، وہ آپ کو واپس مل جائیں گی۔

اگر آپ بائیو سیکیورٹی آفیسر کو یا ملک میں آنے والے مسافروں کے ڈیکلریشن کارڈ پر غلط یا گمراہ کن معلومات دیں یا اگر آپ چیزوں کے متعلق سوالات کا جواب دینے سے قاصر رہیں یا بائیو سیکیورٹی آفیسر کی دی ہوئی ہدایات پر عمل کرنے سے قاصر رہیں تو ممکن ہے:

- آپ کو جرمانے کا نوٹس دیا جائے
- آپ پر سِول جرمانے عائد کیے جائیں، اور/یا
- آپ پر کریمنل (فوجداری) جرم کا مقدمہ چلایا جائے۔

آپ کا ویزا بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے اور ویزا منسوخ ہونے کی صورت میں آپ کو آسٹریلیا میں داخلے کی اجازت نہیں ملے گی اور ممکن ہے کہ آپ تین سال تک دوبارہ آسٹریلیا نہ آ سکیں۔

اگر آپ تمام چیزیں ڈیکلیئر اور پیش کر دیں، چاہے یہ آسٹریلیا میں ممنوعہ چیزیں ہوں، تو آپ کو *بائیو سیکیورٹی ایکٹ 2015* کے تحت سزا نہیں دی جائے گی۔

فون نمبر 1800 900 090 یا
+61 3 8318 6700 (آسٹریلیا سے باہر ہوتے ہوئے کال کرنے کے لیے)

مزید معلومات کے لیے دیکھیں
agriculture.gov.au/travelling-mailing

فیس بک: Australian Biosecurity
انسٹاگرام: @australianbiosecurity

BIO026.0224